سجدہ میں انگلش میں دعا کرنا

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ سجدہ میں انگلش اور عربی میں دعائیں کرنا کیسا ہے؟

سائل: یسین فرام انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

نماز کے سجدہ میں تو تسبیح پڑھی جاتی ہے اگر سائل محترم کی مراد نماز کے علاوہ سجدہ میں دعا مانگنا ہے تو نماز کے علاوہ سجدہ میں بھی عربی زبان میں ہی دعا کرے، کیونکہ یہ قبولیت کے زیادہ قریب ہے۔

احسن الوعاء میں والد اعلی حضرت علامہ رئیس المتکلمین مفتی نقی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ جہاں تک ممکن ہو دعا بہ زبانِ عربی کرے ''غرر الافکار'' وغیرہ میں ھمارے علماء نے تصریح فرمائی کہ غیرِ عربی میں دعا مکروہ ہے۔امام ولوالجی فرماتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ غیر عربی کو دوست نہیں رکھتا''اور فرماتے ہیں: ''عربی میں دعا اِجابت سے زیادہ قریب ہوتی ہے۔'' [احسن الوعاء بنام فضائل دعا ص۱۰۸]

ہاں اگر کوئی عربی دعا کا معنی نہ جانتا ہو یا معنی کے لیے اسے تکلف کرنا پڑتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اپنی ہی زبان میں دعا مانگے۔

احسن الوعاء میں والد اعلی حضرت علامہ رئیس المتکلمین مفتی نقی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ میں کہتا ہوں: مگر جو عربی نہ سمجھتا ہو اور معنی سیکھ کر بتکلف انکی طرف خیال لے جانا مشوّشِ خاطر (ارادے کو تشویش میں ڈالتا) ومُخِلِ حضور (یکسوئی میں رُکاوٹ) ہو وہ اپنی ہی زبان میں اللہ تعالیٰ کو پکارے کہ حضور و یکسوئی اہم امور ہے۔

[احسن الوعاء بنام فضائل دعا ص۱۰۹]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری

QUESTIONER:

What do the scholars and muftis of the mighty Shari'ah say regarding making du'ā (supplication) in English and Arabic during the prostration (sajdah)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایةَ الحَق و الصواب

ANSWER:

Tasbīh is to be recited during the prostration of prayer. If the honourable questioner is referring to prostration outside of prayer, then in that case, then supplication (du'ā) there should be recited in the Arabic language itself, as it is closer to acceptance.

In ‘Ahsan al-Wi'ā’, the father of A'lā Hazrat, Ra’īs al-Mutakallimīn Muftī Naqī 'Alī (may Allāh cover him with mercy) states that: "Du'ā should be made in the Arabic language, it is mentioned in 'Gurar al-Afkār' and other books that our scholars declared that making du'ā in a language other than Arabic is Makrūh (disliked)". Al-Imām Walwālijī says: "Allāh (Most High) does not prefer non-Arabic", he also states: "du'ā made in Arabic is more likely to be answered".

[Ahsan al-Wi’ā ba naam Fadāil-e-du'ā, pg 108]

Yes, if a person is not aware of the meaning of Arabic du'ās or must exert effort in order to understand them, then he should make du'ā in his native tongue.

Furthermore, in Ahsan al-Wi'ā, the father of A'lā Hazrat, Ra’īs al-Mutakallimīn Muftī Naqī 'Alī (may Allāh cover him with mercy) states: "I say, that the one who does not understand Arabic and learning it's [du'ā] translation and pondering upon its meanings would cause disturbance in his thinking and act as an obstacle in his concentration, then he should supplicate to Allāh (Most High) in his own tongue as presence of mind is of the most important of matters.”

[Ahsan al-Wi'ā ba-naam Fadāil-e-du'ā, pg 109]

واللہ تعالی اعلم و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri